**Shabbir / Fazil**

**14-01-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- دولتِ مشترکہ ملکوں کے اسپیکرس اور پریزائڈنگ افسران کی 28 ویں کانفرنس آج نئی دلّی میں شروع ہوگی۔

2- وزیر خارجہ ایس جے شنکر اور امریکہ کے اُن کے ہم منصب مارکو روبیو نے فون پر تجارت، اہم معدنیات، نیوکلیائی توانائی اور دفاع کے میدانوں میں تعاون پر بات چیت کی۔

3- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو خبردار کیا ہے کہ اگر اُس کے حکام، مظاہرین کو پھانسی دینے کا سلسلہ جاری رکھتے ہیں، تو وہ اُس کے خلاف سخت کارروائی کرے گا۔

4- امریکہ نے اخوان المسلمون کی مصری، لبنانی اور اُردنی شاخ کو دہشت گرد تنظیموں کے طور پر نامزد کیا ہے۔

5- فصل کی کٹائی کا تہوار مکر سنکرانتی آج ملک کے مختلف حصوں میں منایا جا رہا ہے۔

6- اور کرکٹ میں، بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان دوسرا ODI میچ آج دوپہر راجکوٹ میں کھیلا جائے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev. CSPOC Confernce

دولتِ مشترکہ کے اسپیکرس اور پریزائڈنگ افسران کی 28 ویں کانفرنس CSPOC آج نئی دلّی میں شروع ہوگی۔ اس تین روزہ کانفرنس میں دولتِ مشترکہ سے وابستہ 60 ملکوں اور نیم خود مختار پارلیمنٹس کے اسپیکرس اور پریزائڈنگ افسران یکجا ہوں گے۔ کانفرنس کا مقصد مختلف قسم کی پارلیمانی جمہوریت کے بارے میں جانکاری اور سمجھ بوجھ، نیز پارلیمانی اداروں کو فروغ دینا ہے۔ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا اس کانفرنس کے صدر نشیں ہیں۔

ایک رپورٹ

V/C - Bhanu / Anupam

آج کانفرنس کے پہلے دن قائمہ کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوگی۔ 28 ویں CSPOC کے صدرنشیں کے طور پر جناب برلا قائمہ کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

وزیر اعظم نریندر مودی کل سمویدھان سدن کے تاریخی مرکزی ہال میں کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔
وہ دولتِ مشترکہ اور خود مختار پارلیمنٹس کے اسپیکرس اور پریزائڈنگ افسران کے ساتھ غیر رسمی بات چیت بھی کریں گے۔ کانفرنس کے دوران پارلیمنٹ میں مصنوعی ذہانت AI کے استعمال، بہترین طور طریقوں سے ایک دوسرے کو واقف کرانے اور شرکاء کے مابین اختراعی خیالات کے اظہار، پارلیمنٹ کے ارکان پر سوشل میڈیا کے اثرات، پارلیمنٹ کے بارے میں عوام کی سطح پر بیداری میں اضافہ کرنے، نیز ارکانِ پارلیمنٹ کی سلامتی، صحت اور خوشحالی کے موضوعات پر مختلف اجلاس منعقد کیے جائیں گے۔
اس کانفرنس کے اختتام پر لوک سبھا کے اسپیکر CSPOC کی صدارت، برطانیہ کے ایوانِ نمائندگان کے اسپیکر Lindsay Hoyle کو سونپیں گے۔
انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........

Jaishankar Rubio Talks

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو سے فون پر بات چیت کی، جس میں تجارت، اہم معدنیات، نیوکلیائی توانائی اور دفاع کے میدانوں میں تعاون پر توجہ مرکوز کی گئی۔ یہ فون کال، حال ہی میں مقرر کیے گئے امریکی سفیر Sergio Gor کے، یہ کہنے کے ایک دن بعد کی گئی ہے کہ تجارت کے معاملے میں دونوں ملکوں کے درمیان تال میل رہے گا۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے ساتھ اُن کی یہ مثبت بات چیت حال ہی میں مکمل ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں نے اس معاملے پر ایک دوسرے کے ساتھ رابطہ رکھنے سے اتفاق کیا ہے۔×

PM Bonne

فرانس کے صدر ایمانوئل میخوں کے سفارتی مشیر ایمانوئل Bonne نے کل نئی دلّی میں وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ وہ بھارت-فرانس کے درمیان مضبوط اور پُر اعتماد دفاعی شراکت داری کا اعادہ کرتے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اختراع، ٹکنالوجی اور تعلیم کے میدانوں میں تعاون میں اضافہ ایک طرح کی حوصلہ افزائی ہے اور یہ بھارت-فرانس کے اختراع کے سال کی علامت ہے۔
جناب مودی اور جناب Bonne نے اہم علاقائی اور عالمی معاملات پر ایک دوسرے کو اپنے نظریات سے واقف کرایا۔
جناب مودی نے کہا کہ وہ فرانس کے صدر ایمانوئل میخوں کی جلد ہی بھارت آمد کے منتظر ہیں۔×

Trump Iran Execution

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اگر ایرانی حکام اپنے ملک میں جاری بے چینی کے دوران مظاہرین کو پھانسیاں دیتے رہے، تو امریکہ اُس پر زور دار طریقے سے کارروائی کرے گا۔ ایک ٹی وی چینل کو دیے گئے ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ امریکہ، مظاہرین کو پھانسی دینے میں تہران کے ملوث ہونے پر بہت سخت کارروائی کرے گا۔

اِس سے پہلے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے مظاہرین کیلئے اُس کی مدد تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران میں کس سطح پر یہ ہلاکتیں ہوئی ہیں، ابھی واضح نہیں ہے اور وہ اِس صورتحال پر کسی طرح کے بیان کا منتظر ہے۔

اس سے پہلے ٹرمپ نے خبردار کیا تھا کہ اگر مظاہرین کو ہلاک کیا گیا، تو امریکہ مداخلت کرے گا۔

سرکاری وکیلوں کے یہ کہے جانے کے بعد کہ حراست میں لیے گئے کچھ لوگوں کو سزائے موت کے الزامات کا بھی سامنا ہو سکتا ہے۔ اِس تشویش میں اضافہ ہو گیا ہے کہ ایران اِس بے چینی کو کچلنے کیلئے پھانسی کی سزا کا استعمال کر سکتا ہے۔

اِس سلسلے میں ایران کے حقوقِ انسانی کے ادارے نے، 26 سالہ عرفان سلطانی کے کیس کا حوالہ دیا ہے، جسے ایران کے شہر Karaj میں پچھلے ہفتے گرفتار کیا گیا تھا۔ اُسے اُس کے کنبے کے ذرائع کے مطابق سزائے موت سنائی جا چکی ہے اور آج اُسے پھانسی دی جا سکتی ہے۔×

Iran Death Toll

ایران میں، مظاہرین کے خلاف جاری کارروائی میں مرنے والوں کی تعداد کم سے کم 2 ہزار 571 ہو گئی ہے۔ یہ بات سماجی کارکنوں نے بتائی ہے۔ مرنے والوں کی یہ تعداد امریکہ میں قائم انسانی حقوق سے متعلق کارکنوں کی نیوز ایجنسی نے بتائی ہے۔ یہ لوگ حالیہ برسوں میں ایران میں کئی مرتبہ کی بے چینی کے دوران ہلاک ہوئے ہیں۔

کارکنوں کے اِس گروپ نے بتایا کہ مرنے والوں میں سے 2 ہزار 403 افراد، مظاہرین میں شامل تھے اور 147 کا تعلق سرکار سے تھا۔ مرنے والوں میں 12 بچے اور 9 ایسے شہری شامل ہیں، جو اِن مظاہروں میں حصہ نہیں لے رہے تھے۔ گروپ نے بتایا کہ 18 ہزار ایک سے زیادہ افراد کو حراست میں لیا گیا ہے۔×

US Muslim Brotherhood

امریکہ نے اخوان المسلمون کی، مشرق وسطیٰ کی تین شاخوں کو دہشت گرد تنظیمیں قرار دے دیا ہے اور اُن پر اور اُن کے ارکان پر بندشیں عائد کر دی ہیں۔

خزانے اور خارجی امور کے محکموں نے، اخوان المسلمون کی لبنانی، اُردنی اور مصری شاخوں کے خلاف، کل رات اِس کارروائی کا اعلان کیا۔ محکموں کا کہنا ہے کہ اِن شاخوں سے امریکہ اور اُس کے مفادات کو خطرہ لاحق ہے۔
خارجی امور کے محکمے نے لبنانی شاخ کو ایک غیر ملکی دہشت گرد تنظیم قرار دیا ہے، جو شدید ترین درجہ ہے۔
یہ درجہ اس گروپ کو سامان مہیا کرنے کے ایک مجرمانہ عمل کا ارتکاب پر دیا جاتا ہے۔
خزانے کے محکمے نے اُردنی اور مصری شاخوں کو خصوصی طور پر عالمی دہشت گرد قرار دیا ہے کہ وہ حماس کو حمایت دیتی ہیں۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے ایک بیان میں کہا کہ یہ قدم، اخوان المسلمون کی شاخوں کے تشدد کو ناکام بنانے اور اور یہ جہاں کہیں اُبھرتا ہے، اُسے کمزور کرنے کی ایک کوشش کا آغاز ہے۔ x

Rajnath Veterns Day

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج نئی دلی میں مسلح افواج کے سابق فوجیوں کے دن کی تقریب میں شرکت کریں گے۔
یہ دن ہر سال 14 جنوری کو فیلڈ مارشل KM کری اَپّا کے ورثے اور خدمات کی تعظیم کے طور پر منایا جاتا ہے۔ فیلڈ مارشل KM کری اَپّا، بھارتی فوج کے پہلے کمانڈر اِن چیف تھے جو اسی دن سال 1953 میں سبکدوش ہوئے۔
یہ دن بھارت بھر میں 434 ضلع سینک بورڈ کی جانب سے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے 34 ریاستی سینِک بورڈس میں منایا جاتا ہے۔x

Makar SanKranti

فصل کی کٹائی کا تہوار مکر سنکرانتی آج ملک کے مختلف حصوں میں منایا جا رہا ہے۔
مکر سنکرانتی، سردیوں کے اختتام اور طویل دنوں کی شروعات کا اشارہ ہوتا ہے۔
اس تہوار کو ملک کے مختلف حصوں میں مختلف ناموں سے جانا جاتا ہے۔ مکرسنکرانتی کو تملناڈو میں پونگل، گجرات میں اُتّرائن، آسام میں بھوگالی بیہُو اور مغربی بنگال میں پَوش سَنگ کرانتی کے طور پر منایا جاتا ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

UP Makar Sankranti

اترپردیش میں مکر سنکرانتی کے موقع پر ہزاروں عقیدتمند پوِتر ڈبکی لگانے کیلئے ندیوں کے گھاٹ پر جمع ہیں۔
ریاستی حکومت نے عقیدتمندوں کی سلامتی اور تحفظ کیلئے وسیع تر انتظامات کیے ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Sushil Chand Tiwari

اترپردیش میں مکر سنکرانتی کے موقع پر ہزاروں عقیدتمند پوتر ڈبکی لگانے کیلئے صبح سویرے سے ہی بڑی ندیوں کے گھاٹ پر جمع ہیں۔ حالانکہ ریاست کے کئی حصوں میں ماگھ بیہُو کا دوسرا اہم اسنان مکر سنکرانتی کل منایا جائے گا۔ انتظامیہ نے پریاگ راج میں اسنان کیلئے ماگھ میلہ علاقے میں خاطر خواہ انتظامات کیے ہیں۔مجموعی طور پر 12 ہزار ایک سو فِٹ کی لمبائی کے اسنان کرنے کے گھاٹ تعمیر کیے گئے ہیں، جہاں Changing Room ، Pool، Kiosk اور بیت الخلا دستیاب ہیں۔x

لکھنؤ سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

TN Bhogi

آج تمل ناڈو کے لوگ، بھوگی تہوار منا رہے ہیں، جو Margazhi سرد مہینے کا آخری دن ہوتا ہے۔ اِس دن لوگ اپنے گھر کی پرانی چیزوں کو ہٹا کر نئی چیزوں کا استعمال شروع کرتے ہیں اور اپنے گھروں کے سامنے آگ جلا کرسبھی غیر درکار اشیاء سے نجات حاصل کرتے ہیں۔

اُدھر مغربی بنگال میں عقیدتمند، بڑے پیمانے پر دریاؤں، تالابوں اور پانی کے ذخیروں میں آج ریاست بھر میں Punya Snan کریں گے۔ یہاں مکر سنکرانتی Poush Parbon کے نام سے منائی جاتی ہے۔ اِس دن روایتی مٹھائیاں اور پکوان تیار کیے جاتے ہیں۔x

Gujrat Uttarayan

آج پورے گجرات میں، اُترائن کا تہوار پورے جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ گجرات میں اس تہوار پر رنگ برنگی پتنگیں اُڑائی جاتی ہیں۔

اس موقع پر وزیر داخلہ امت شاہ احمد آباد میں تاریخی شری جگناتھ مندر جائیں گے اور پوجا ارچنا کریں گے۔ اس کے بعد جناب شاہ اپنے حلقے میں مختلف جگہوں پر پارٹی کارکنوں اور شہریوں کے ساتھ پتنگوں کا یہ تہوار منائیں گے۔

کرونا ابھیان کے حصے کے طور پر ریاستی سرکار نے مکرسنکرانتی سے پہلے زخمی پرندوں کے بچاؤ کیلئے 8 ہزار 500 اہلکار تعینات کیے ہیں۔ پوری دنیا کے پتنگ باز اس بین الاقوامی پتنگ فیسٹیول میں شرکت کیلئے گجرات آ رہے ہیں۔ یہ تہوار ریاست کی مختلف جگہوں پر منایا جا رہا ہے۔x

Kerala Sabarimala

کیرالہ میں Makara Vilukku تہوار سبری مالا کے پہاڑی مندر پر منعقد کیا جائے گا۔ ہزاروں یاتریوں نے پہلے ہی سبری مالا کے مختلف مقامات پر مکارا وِلاکو تہوار کیلئے ڈیرے لگا رکھے ہیں۔ اس تقریب کے ایک حصے کے طور پر Thiruvabharan ، بھگوان Ayyappa کے پوتر زیورات کے ساتھ جلوس سمیت رسومات کا انقاد کیا جائے گا۔ سبری مالا میں آج صرف 35 ہزار یاتریوں کو جانے کی اجازت دی گئی ہے۔ جس میں پہلے ہی سے 30 ہزار یاتریوں نے ورچوئل طریقے سے بکنگ کرا رکھی ہے۔x

Dharmendra Nitser

تعلیم کے وزیر دھرمیندر پردھان نے کل نئی دلّی میں، ٹکنالوجی، سائنس کی تعلیم و تحقیق کے قومی اداروں NITSER کی کونسل کی 13 ویں میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ کے دوران جناب پردھان نے تعلیمی اور تحقیقی معیارات میں اضافہ کرنے، حکمرانی کی استعداد میں اضافہ کرنے اور اختراع، نیز غیر رسمی یا چھوٹے کاروبار کو مزید فروغ دینے پر پیش کیے گئے پرزنٹیشن کا جائزہ لیا۔

S/B - Dharmendra

J&K Pak Drones

جموں و کشمیر میں، کل شام راجوری ضلعے میں لائن آف کنٹرول پر پاکستان کی جانب سے بھارتی حدود میں داخل ہونے والے کئی مشتبہ پاکستانی ڈرونز کو مار گرانے کیلئے بھارتی فوج نے فائرنگ کی۔ جموں میں فوج کے حکام نے بتایا کہ یہ ڈرونز، پاکستانی مقبوضہ کشمیر واپس لوٹنے سے پہلے کچھ وقت تک منجا کوٹ سیکٹر پر منڈلاتے رہے۔

ڈرونز کو دیکھے جانے کا تازہ واقعہ اُس وقت پیش آیا ہے جب فوج کے سربراہ اوپیندر دُویدی نے کہا ہے کہ بھارتی فوج نے گذشتہ تین دن کے دوران جموں سیکٹر میں سرحدی علاقوں کے آس پاس پاکستانی ڈرونز کو دیکھے جانے کا معاملہ کل پاکستان کے ملٹری آپریشن کے ڈائرکٹر جنرل، DGMO کے ساتھ اٹھایا ہے۔x

Cricket ODI

مردوں کے کرکٹ میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان تین میچوں کی سیریز کا دوسرا ایک روزہ بین الاقوامی میچ آج راجکوٹ کے نرنجن شاہ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ میچ دوپہر ڈیڑھ بجے شروع ہوگا۔

میزبان بھارتی ٹیم، اتوار کے روز وڈودرہ میں کھیلا گیا پہلا ایک روزہ بین الاقوامی میچ جیت کر سیریز میں ایک۔صفر سے آگے ہے۔ سیریز کا تیسرا اور آخری میچ اتوار کے روز اندور میں کھیلا جائے گا۔x

Cricket WPL

خواتین کے پریمیئر لیگ کرکٹ میں کل رات نوی ممبئ کے ڈاکٹر DY پاٹل اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں ممبئ انڈینس نے گجرات جائنٹس کو سات وکٹ سے ہرا دیا۔ گجرات جائنٹس کی جانب سے دیے گئے 193 رن کے نشانے کیلئے کھیلتے ہوئے ممبئ انڈینس نے چار گیند پہلے تین وکٹ کھوکر یہ نشانہ حاصل کرلیا۔ممبئ انڈینس کی جانب سے کپتان ہرمن پریت کور نے سب سے زیادہ 43 گیندوں میں 71 رن بنائے اور ناٹ آؤٹ رہیں۔ وہیں امن جوت کور نے 40 رن اور Nicola Carey نے غیر مفتوح 38 رن کی اننگز کھیلی۔

گجرات جائنٹس کی جانب سے رینُوکا سنگھ ٹھاکر، کَشوی گوتم اور Sophie Devine نے ایک۔ایک وکٹ لیے۔ ہرمن پریت کور کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔x

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے آج دلی، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور پنجاب میں شدید سردی اور گھنے کہرے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے ہماچل پردیش، جھارکھنڈ، اوڈیشہ اور راجستھان میں سردی کی شدید لہر کے حالات کی بھی پیش گوئی کی ہے۔

موسمیات کے محکمے نے اتراکھنڈ میں بھی سرد لہر کے حالات کی پیش گوئی کی ہے جب کہ آسام، میگھالیہ، بہار، مشرقی اترپردیش، ہماچل پردیش، اوڈیشہ اور اتراکھنڈ میں گھنا کہرا چھائے رہنے کا امکان ظاہرکیا ہے۔

IMD کے مطابق جموں، کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان اور مظفر آباد میں اِسی طرح کے حالات برقرار رہیں گے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسعد اللہ

شکریہ۔ضمیر رضوی

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ انقلاب، پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے سبھی اخباروں نے ’برکس 2026‘ کی باضابطہ طور پر صدارت سنبھالنے اور اس کی ویب سائٹ سمیت سرکاری LOGO جاری کرنے کی خبر کو تفصیل کے ساتھ صفحۂ

اول پر شائع کرتے ہوئے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ بھارت اپنی صدارت کے ذریعے انسانیت نوازی اور عوام پر مرکوز نقطۂ نظر کو آگے بڑھائے گا۔

’آپریشن سندور سے پاکستان کا فیصلہ سازی کا نظام درہم برہم ہوگیا‘ آرمی چیف جنرل اوپیندر دویدی کے اِس بیان کو انقلاب نے خصوصیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔

بھارت اور فرانس کے درمیان کئی اہم شعبوں میں دوطرفہ تعاون پر تبادلۂ خیال کیا گیا جن میں سلامتی، دفاع اور نیوکلیائی شعبے شامل ہیں، اس خبر کو آج کے اخباروں نے نمایاں کیا ہے۔

’حکومت کی مداخلت کے بعد دس منٹ میں ڈیلیوری کرنے کی حد کو سبھی کمپنیوں نے ہٹاتے ہوئے اپنے کارکنوں کی سلامتی اور ان کی سیکیورٹی کو ترجیح دی ہے۔‘ اس خبر کو آج کے سبھی اخباروں نے شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

’جی رام جی‘ ایکٹ میں بدعنوانی کی گنجائش نہیں، اِس نئے قانون کے متعلق معلومات بہم پہنچانا چاہیے۔‘ مرکزی وزیر برائے اقلیتی امور کرن رجیجو کے اس بیان کو انقلاب نے اہمیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں کچھ اس طرح ہیں:

☆ ایران کے ساتھ تجارت کرنے والے ممالک پر 25 فیصد اضافی محصول کا اعلان: امریکہ

☆ ایران کے ساتھ بھارت کا دو طرفہ تجارت صرف168 کروڑ ڈالر

☆ یورپی یونین نے ایرانی سفارتکاروں کا داخلے پر پابندی لگائی۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- دولتِ مشترکہ ملکوں کے اسپیکرس اور پریزائڈنگ افسران کی 28 ویں کانفرنس آج نئی دلّی میں شروع ہوگی۔

2- وزیر خارجہ ایس جے شنکر اور امریکہ کے اُن کے ہم منصب مارکو روبیو نے فون پر تجارت، اہم معدنیات، نیوکلیائی توانائی اور دفاع کے میدانوں میں تعاون پر بات چیت کی۔

3- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو خبردار کیا ہے کہ اگر اُس کے حکام، مظاہرین کو پھانسی دینے کا سلسلہ جاری رکھتے ہیں، تو وہ اُس کے خلاف سخت کارروائی کرے گا۔

4- امریکہ نے اخوان المسلمون کی مصری، لبنانی اور اُردنی شاخ کو دہشت گرد تنظیموں کے طور پر نامزد کیا ہے۔

5- فصل کی کٹائی کا تہوار مکر سنکرانتی آج ملک کے مختلف حصوں میں منایا جا رہا ہے۔

6- اور کرکٹ میں، بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان دوسرا ODI میچ آج دوپہر راجکوٹ میں کھیلا جائے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---